# میں کیسے جان سکتا ہوں کہ آیا مجھے دفتری جائزے کی درخواست کرنی چاہیے؟

- ☐ **کیا آپ نے ذیل میں دی گئی مثالوں کا جائزہ لیا ہے؟**
- ☐ **کیا آپ نے اپنے ٹمپریری اسسٹنس (TA) کے کارکن سے اپنے خدشات پر بات کی ہے؟**

اگر آپ نے اوپر دونوں کا جواب "ہاں" میں دیا ہے اور اب بھی آپ کے اپنی پاس تھرو پیمنٹ یا کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ کے متعلق کوئی سوالات ہوں تو آپ کو ایک دفتری جائزے کی درخواست کرنی چاہیے۔

## مثالیں

### پاس تھرو پیمنٹس

**مثال 1:** Joey Johnson کے TA کے کیس کے تحت ان کا 21 سال سے کم عمر کا ایک بچہ ہے۔ Joey کے پاس سپورٹ کولیکشن یونٹ کے ذریعے معاونت کی ادائیگی کا ایک حکم نامہ ہے جو بچوں کی تحویل نہ رکھنے والے والدین سے ماہانہ 250$ موجودہ معاونت کے واجبات (کرنٹ سپورٹ آبلیگیشن) ادا کرنا درکار کرتا ہے۔ والدین میں سے تحویل نہ رکھنے والے فرد نے اس مہینے کے لیے پورے 250$ ادا کیے۔ Joey کا گھرانہ **100$** کی ایک **پاس تھرو** پیمنٹ کا اہل ہے۔

**مثال 2:** Joey Johnson کے بچے کے والدین میں سے تحویل نہ رکھنے والے فرد (مثال 1 دیکھیں) کو مشکل حالات درپیش ہو جاتے ہیں اور وہ اس مہینے کے لیے صرف 75$ کی موجودہ معاونت ادا کرتے ہیں۔ کیونکہ پاس تھرو وصول شدہ موجودہ ماہانہ معاونت سے زیادہ نہیں ہو سکتی، Joey کا گھرانہ **75$** کی ایک **پاس تھرو** پیمنٹ کا اہل ہے۔

**مثال 3:** Joey Johnson کے بچے کے والدین میں سے تحویل نہ رکھنے والے فرد (مثال 1 دیکھیں) کو مالی مشکلات کا سامنا جاری رہتا ہے اور یوں وہ اس مہینے کے لیے کوئی موجودہ معاونت ادا نہیں کرتے ہیں (0$)۔ کیونکہ موجودہ مہینے میں کوئی موجودہ معاونت وصول نہیں ہوئی، Joey کا گھرانہ **پاس تھرو** پیمنٹ **کا اہل نہیں ہے۔**

**مثال 4:** Corey Davis کا ایک TA کا کیس ہے جس میں 21 سال سے کم عمر کے دو بچے شامل ہیں۔ بچوں کے والدین میں سے تحویل نہ رکھنے والے ایک ہی فرد ہیں۔ Corey کے پاس سپورٹ کولیکشن یونٹ کے ذریعے معاونت کی ادائیگی کا ایک حکم نامہ ہے جو والدین میں سے بچوں کی تحویل نہ رکھنے والے فرد سے ماہانہ 300$ موجودہ معاونت کے واجبات (کرنٹ سپورٹ آبلیگیشن) ادا کرنا درکار کرتا ہے۔ والدین میں سے تحویل نہ رکھنے والے فرد نے اس مہینے کے لیے پورے 300$ ادا کیے۔ Corey کا گھرانہ **200$** کی ایک **پاس تھرو** پیمنٹ کا اہل ہے۔

**مثال 5:** Mary Martin کے TA کے کیس کے تحت ان کے 21 سال سے کم عمر کے دو بچے شامل ہیں۔ بچوں کے تحویل نہ رکھنے والے والدین مختلف ہیں۔ سپورٹ کولیکشن یونٹ کے ذریعے معاونت کی ادائیگی کے دو حکم نامے ہیں اور دو چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹس ہیں۔ پہلے بچے کے اکاؤنٹ میں، اس مہینے کے 100$ وصول ہوئے ہیں۔ دوسرے بچے کے اکاؤنٹ میں، اس مہینے کے 25$ وصول ہوئے ہیں۔ کیونکہ پاس تھرو وصول شدہ موجودہ ماہانہ معاونت سے زیادہ نہیں ہو سکتی، Mary کا گھرانہ **125$** کی ایک **پاس تھرو** پیمنٹ کا اہل ہے۔

**مثال 6:** Samir Sabri کے TA کے کیس کے تحت ان کے 21 سال سے کم عمر کے دو بچے شامل ہیں۔ بچوں کے تحویل نہ رکھنے والے والدین مختلف ہیں۔ سپورٹ کولیکشن یونٹ کے ذریعے معاونت کی ادائیگی کے دو حکم نامے ہیں اور دو چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹس ہیں۔ پہلے بچے کے اکاؤنٹ میں، اس مہینے کے 300$ وصول ہوئے ہیں۔ دوسرے بچے کے اکاؤنٹ میں، اس مہینے کے 0$ وصول ہوئے ہیں۔ Samir کا گھرانہ **200$** کی ایک **پاس تھرو** پیمنٹ کا اہل ہے۔

**مثال 7:** Dylan Smith کا ایک TA کا کیس ہے جس میں 21 سال سے کم عمر کے دو بچے شامل ہیں۔ بچوں کے تحویل نہ رکھنے والے والدین مختلف ہیں۔ سپورٹ کولیکشن یونٹ کے ذریعے معاونت کی ادائیگی کے دو حکم نامے ہیں اور دو چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹس ہیں۔ پہلے بچے کے اکاؤنٹ میں، اس مہینے کے 150$ وصول ہوئے ہیں۔ دوسرے بچے کے اکاؤنٹ میں، اس مہینے کے 100$ وصول ہوئے ہیں۔ Dylan کا گھرانہ **200$** کی ایک **پاس تھرو** پیمنٹ کا اہل ہے۔

**مثال 8:** Laura Sato کا ایک TA کا کیس ہے جس میں 21 سال سے کم عمر کے دو بچے شامل ہیں۔ بچوں کے تحویل نہ رکھنے والے والدین مختلف ہیں۔ سپورٹ کولیکشن یونٹ کے ذریعے معاونت کی ادائیگی کا ایک حکم نامہ ہے اور ایک چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ ہے۔ والدین میں سے تحویل نہ رکھنے والے فرد کو 400$ موجودہ معاونت کے واجبات ادا کرنا درکار ہے اور انہوں نے اس مہینے کے لیے پورے 400$ ادا کیے۔ Laura کا گھرانہ **200$** کی ایک **پاس تھرو** پیمنٹ کا اہل ہے۔

**کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹس**

**مثال 1:** Dakota Taylor کا گھرانہ اب TA کے لیے اہل نہیں ہے۔ جن عرصوں کے دوران اس گھرانے کو TA موصول ہوا، ان کے لیے کل غیر ادا شدہ معاونت $7,200 ہے۔ Dakota کو ایکسس سپورٹ پیمنٹ صرف اس صورت میں وصول ہو گی کہ $7,200 سے زیادہ رقم معاونت **(یا تلافی کے دیگر طریقوں جیسے لاٹری آف سیٹ یا لیئن ریکوری)** کی مد میں وصول ہو۔ کیونکہ تفویض شدہ معاونت کی وصولیوں کی کل رقم $7,500 ہے، Dakota کا گھرانہ **$300 کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ** کا اہل ہے۔

**مثال 2:** Kai Green کا گھرانہ اب TA کے لیے اہل نہیں ہے۔ جن عرصوں کے دوران اس گھرانے کو TA موصول ہوا، ان کے لیے کل غیر ادا شدہ معاونت $10,200 ہے۔ اس رقم میں سے، $9,000، **Kai کے مالک مکان کو ادا کیے گئے** اور $1,200 براہ راست Kai کے گھرانے کو ادا کیے گئے۔ تفویض شدہ معاونت کی وصولیوں کی کل رقم $9,500 ہے۔ Kai کا گھرانہ کسی کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹ کا **اہل نہیں** ہے۔

**دفتری جائزے کے دورانیے**

**مثال 1:** Parker Bogart ایک دفتری جائزے کی درخواست 23 اکتوبر، 2020 کو کرتے ہیں کیونکہ Parker کو لگتا ہے کہ **ستمبر 2019 میں کی گئی ایک پاس تھرو پیمنٹ بہت کم تھی۔** دفتری جائزے کے لیے **Parker اہل ہیں** کیونکہ مذکورہ ادائیگی 23 اکتوبر، 2020 سے پہلے اور 1 جنوری، 2019 کو یا اس کے بعد کی گئی تھی۔

**مثال 2:** Cameron Bacall نے 12 جون 2020 کو ایک دفتری جائزے کی درخواست کی کیونکہ مئی 2020 کے لیے **پاس تھرو** پیمیٹ کی مد میں کوئی ادائیگی نہیں کی گئی تھی۔ یہ ادائیگی ابھی Cameron کے الیکٹرانک بینیفٹس ٹرانسفر (EBT) کارڈ (جو کہ کامن بینیفٹس آئیڈینٹیفیکیشن کارڈ بھی کہلاتا ہے) پر دستیاب نہیں ہے۔ تاہم، اس کا EBT کارڈ پر 20 جون 2020 تک پوسٹ کیا جانا لازمی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پاس تھرو پیمنٹس کا ہر مہینے کے کیلنڈر کے مطابق 20ویں دن تک جاری کیا جانا لازمی ہے۔ اگر پاس تھرو پیمنٹ EBT کارڈ پر 21 جون تک پوسٹ نہیں کی جاتی تو Cameron ایک دفتری جائزے کی درخواست کر سکتی ہیں، لیکن Cameron کو TA کے کسی کارکن سے رابطہ کر کے زیادہ تیز جواب ملنے کا امکان ہے۔

**مثال 3:** Logan Lee نے 27 دسمبر 2020 کو ایک دفتری جائزے کی درخواست کی، جس کی وجہ یہ ہے کہ Logan کو لگتا ہے کہ ڈسٹرکٹ نے سپورٹ اس سے زیادہ رکھ لی ہے جتنی Logan کو TA میں ملی تھی۔ Logan کے چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ میں وصول ہونے والی آخری ادائیگی فروری 2020 میں وصول ہوئی تھی۔ Logan **کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹس** کے دفتری جائزے کے لیے **اہل ہیں** کیونکہ چائلڈ سپورٹ کی ایک ادائیگی 27 دسمبر 2020 سے پہلے اور 1 جنوری 2019 کو یا اس کے بعد کی گئی تھی۔

**مثال 4:** Tracy Tyson نے 31 جنوری 2020 کو ایک دفتری جائزے کی درخواست کی، جس کی وجہ یہ ہے کہ Tracy کو لگتا ہے کہ ڈسٹرکٹ نے سپورٹ اس سے زیادہ رکھ لی ہے جتنی Tracy کو TA میں ملی تھی۔ Tracy کے چائلڈ سپورٹ اکاؤنٹ میں وصول ہونے والی آخری ادائیگی اکتوبر 2018 میں وصول ہوئی تھی۔ Tracy **کمیولیٹیو ایکسس سپورٹ پیمنٹس** کے دفتری جائزے کے لیے **اہل نہیں ہیں** کیونکہ چائلڈ سپورٹ کی ایک ادائیگی 1 جنوری 2019 سے پہلے اور 31 جنوری 2020 کو یا اس کے بعد نہیں کی گئی تھی۔